MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائمؑ

# الحوراء الإنسية

# معرفتِ الزہرا

یا فاطمۃ

یا فاطمَۃَ الزَّھْرَاءُ یا بِنْتَ مُحَمَّدٍ یا قُرَّۃَ عَیْنِ الرَّسُولِ یا سَیِّدَتَنا وَمَوْلاتَنا اِنّا تَوَجَّھْنا وَاسْتَشْفَعْنا
وَتَوَسَّلْنا بِکِ اِلَی اللّٰہِ وَقَدَّمْناکِ بَیْنَ یَدَیْ حاجاتِنا یا وَجِیھَۃً عِنْدَ اللّٰہِ اِشْفَعِی لَنا عِنْدَ اللّٰہِ





+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
youtube.com/madrasaalqaaim

اللّٰھم صلّ علیٰ فاطمۃ و ابیھا و بعلھا و بنیھا

# معرفتِ بی بی فاطمہ زہراؑ

## (سوال و جواب)

۱۔ حضرت فاطمہؑ کے والد کا نام کیا تھا؟ ج: خاتم النبین حضرت محمدؐ بن عبداللہ

۲۔ آپؑ کی والدہ کا نام کیا تھا؟ ج: حضرت خدیجۃ الکبریٰ بنت خویلد

۳۔ آپؑ کے دادا نام کیا تھا؟ ج: حضرت عبداللہ بن عبدالمطّلب

۴۔ آپؑ کی دادی کا نام کیا تھا؟ ج: حضرت آمنہؑ بنت وھب

۵۔ آپؑ کے نانا کا نام کیا تھا؟ ج: حضرت خویلد

۶۔ آپؑ کی نانی کا نام کیا تھا؟ ج: فاطمہ بنتِ زائدہ

۷۔ حضرت فاطمہ زہراؑ کا نام مبارک کیا تھا؟ ج: فاطمہؑ

۸: فاطمہؑ کا مطلب کیا ہے؟ ج ہر برائی اور شر سے دور رکھی جانے والی '' فُطِمَتْ مِنَ الشَّرِّ

۹۔ آپؑ کی مشہور کنیتیں کون سی ہیں؟ ج: ام ابیھا۔ ام الحسن۔ ام الحسین۔ ام الحسنین وغیرہ

۱۰۔ آپؑ کے مشہور القابات کون سے ہیں؟ ج: زہرا۔ بتول۔ مرضیہ۔ محدثہ۔ سیدۃ النساء العالمین۔ طاھرہ۔ مرضیہ

۱۱۔ آپؑ کو زہراؑ کیوں کہا جاتا ہے؟

ج: کیونکہ آپؑ جس وقت محراب عبادت میں کھڑی ہوتیں تو اہل آسمان کے لیے آپ کا نور اس طرح روشنی دیتا جس طرح زمین والوں کے لیے ستارے چمکتے ہیں۔ اُس روشنی کی بناء پر آپ کو زہراؑ کہا جاتا ہے۔

۱۲۔ آپ کی تاریخ ولادت کیا ہے؟ ج: ۲۰ جمادی الثانی ۵ بعثت

۱۳۔ جناب فاطمہؑ اعلان رسالت کے کتنے سال بعد پیدا ہوئیں؟ ج: ۵ سال بعد

۱۴۔ آپؑ کی ولادت کس دن ہوئی؟ ج: جمعۃ المبارک

۱۵۔ مقام ولادت کیا تھا؟ ج: مکہ معظّمہ

۱۶۔ حاکم بوقتِ ولادت کون تھا؟ ج: یزدجرد

۱۷۔ جناب فاطمہؑ کی ولادت کے وقت کون سی خواتین جناب خدیجہؑ کی مدد کرنے آئیں۔

ج: جناب سارہؑ۔ جناب آسیہؑ۔ جناب مریمؑ۔ جناب کلثومؑ (حضرت موسیٰؑ کی بہن)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

۱۸۔ رسول اکرمؐ کی نسل کس سے چلی۔ ج: جناب فاطمہؑ سے

۱۹۔ جناب فاطمہؑ کی ولادت سے پہلے رسول اکرمؐ کی کتنی اولادیں تھیں۔ ج: تین (قاسم عبداللہ طیب)

۲۰۔ قول امام صادقؑ کے مطابق خدا کے ہاں حضرت فاطمہؑ کے نو نام کون سے ہیں؟

ج: فاطمہ، صدیقہ، مبارکہ، طاہرہ، ذکیہ، راضیہ، مرضیہ، محدثہ، زہرا

۲۱۔ جناب فاطمہؑ کی شان میں قرآن کی کون سی سورہ نازل ہوئی؟ ج: سورہ کوثر

۲۲۔ کوثر کے کیا معنی ہیں؟ ج: جنت کی ایک نہر کا نام ہے۔

۲۳۔ حضرت فاطمہؑ کی محبت کن مقامات پہ کام آئے گی؟ ج: موت۔قبر۔میزان۔محشر۔صراط۔حساب کتاب

۲۴۔ فَاطِمَۃُ اُمُّ اَبِیْھَا کے کیا معنی ہیں؟ ج: یعنی اپنے باپ کی ماں (احتراماً)

۲۵۔ رسول اکرمؐ کا یہ فرمان اُمُّ اَبِیْھَا کس فضیلت کا اعلان ہے؟

ج: فاطمہؑ میرے نزدیک اسی طرح محترم ہیں جس طرح کوئی ماں اپنی اولاد کے لیے محترم ہوتی ہے۔آپؑ نے اپنے والد کی اتنی خدمت کی اور ہر حال میں ان کا خیال رکھا اس لیے آپ کو اُمُّ اَبِیْھَا کا خطاب ملا۔

۲۶۔ بی بی فاطمہؑ کے کچھ القابات اور اسکے معنی بتائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بتول۔ | پاک دامن | مُحَدِّثَہ. | فرشتوں سے کلام کرنے والی |
| مُحَدَّثَہ | فرشتے جس سے کلام کرتے ہوں | صدیقہ: | بہت زیادہ سچ بولنے والی |
| راضیہ: | راضی رہنے والی | مرضیہ: | جس سے دوسرے راضی ہوں |
| مریم کبریٰ: | خدا کی سب سے بڑی خدمت گزار | کوثر: | خیر کثیر |
| زاھدہ: | صاحب زہد | معصومہ: | صاحت عصمت |
| ذکیہ: | پاکیزہ | مُصلیہ: | نماز گزار |
| راکعہ: | رکوع کرنے والی | صالحہ | نیک عمل والی |

۲۷۔ حضرت فاطمہؑ نے جس گھر میں آنکھیں کھولیں وہاں کیا ماحول پایا؟

ج: ایک طرف دین کی خاطر اپنی دنیا قربان کرنے والی ماں حضرت خدیجہؑ کو پایا تو دوسری طرف سراپا اخلاق یعنی اللہ کے آخری نبی حضرت محمدؐ کی آغوش آپؑ کو نصیب ہوئی۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

یا فاطمۃ الزہراء

۲۸۔ انتہائی کم عمری میں حضرت فاطمہؑ کا کیا کردار تھا؟

ج: آپ کم سنی میں ہی گھر کے کاموں میں اپنی والدہ کا ہاتھ بٹاتیں، سختیوں اور مصیبتوں میں ہرگز گھبرایا نہیں کرتیں تھیں۔

۲۹۔ آپ کا گھرانہ مکہّ سے باہر رہنے پر کیوں مجبور ہوا؟

ج: مکہ کے بت پرستوں نے آپ کے والد کو تکلیفیں پہنچا کر مکہ سے باہر رہنے پر مجبور کر دیا۔

۳۰۔ شعب ابی طالبؑ کس کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت محمدؐ اپنی زوجہ حضرت خدیجہؑ، بیٹی حضرت فاطمہؑ، چچا حضرت ابو طالبؑ اور اسلام لانے والے چند افراد کے ہمراہ مکہ سے کچھ دور ایک گھاٹی میں رہنے پر مجبور ہو گئے۔ اس گھاٹی کو شعب ابی طالبؑ کہا جاتا ہے۔

۳۱۔ جب حضرت محمدؐ نے فدک اور اس کے اطراف پر قبضہ دلایا تو قرآن کی کونسی آیت نازل ہوئی؟

ج: " وَأٰتِ ذِی الْقُرْبٰی حَقَّهُ (سورہ اسرا۔ آیت ۲۹) اور (اے محمدؐ) قریبی رشتہ داروں کو ان کا حق دے دو۔

۳۲۔ اس حکم کے بعد رسول اکرمؐ نے اپنی بیٹی کو بلا کر کیا فرمایا۔

ج: اے فاطمہؑ اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں فدک تمہارے حوالے کر دوں۔

۳۳۔ فدک جناب فاطمہؑ کے پاس کب تک رہا؟ ج: جب تک رسول اکرمؐ زندہ رہے فدک حضرت فاطمہؑ کی ملکیت رہا؟

۳۴۔ حضرت فاطمہؑ کی زندگی کا سب سے پہلا عظیم صدمہ کیا تھا؟ ج: آپؑ کی والدہ حضرت خدیجہؑ کا انتقال

۳۵۔ جب آپؑ کی والدہ اس دنیا سے رخصت ہوئیں تو فاطمہؑ کی عمر کیا تھی؟ ج: ۵ سال

۳۶۔ حضرت زہراؑ کی شادی کس سے ہوئی؟ ج: امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالبؑ سے

۳۷۔ ہجرت کے کس سال آپؑ کی شادی ہوئی؟ ج: دوسرے سال

۳۸۔ کس شہر میں ہوئی؟ ج: مدینہ میں

۳۹۔ آپ کا مہر کتنا تھا؟ ج: ۴۸۰ درہم

۴۰۔ حضرت علیؑ نے مہر کی رقم کس طرح ادا کی؟ ج: اپنی زرہ بیچ کے

۴۱۔ جب لوگ شہزادی فاطمہؑ کا رشتہ لینے رسول اکرمؐ کے آتے تو آپؐ کیا جواب دیتے؟

ج: فاطمہؑ کا معاملہ اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جہاں چاہے گا اس کی نسبت ٹھہرا دے گا۔

۴۲۔ خداوند عالم نے امام علیؑ و بی بی زہراؑ کو کتنے بیٹے بیٹیاں عطا کئے؟ ج: تین بیٹے اور دو بیٹیاں

۴۳۔ بیٹوں کے نام ج: امام حسنؑ، امام حسینؑ، حضرت محسنؑ

۴۴۔ بیٹیوں کے نام ج: حضرت زینبؑ، اُم کلثومؑ

۴۵۔ آپ کے کون سے فرزند ظلم وستم کی وجہ سے شکم مادر ہی میں شہید ہوگئے؟ ج: حضرت محسنؑ

۴۶۔ امام حسنؑ کو کس طرح شہید کیا گیا؟ ج: زہر سے

۴۷۔ کیا امام حسینؑ کو بھی شہید کیا گیا؟ ج: جی ہاں، کربلا میں ۶۱ھ

۴۸۔ جناب فاطمہؑ کے بچوں کا جھولا کون جھلاتا؟ ج: حضرت جبرائیلؑ

۴۹۔ جو فرشتہ چکی چلاتا اس کا کیا نام تھا؟ ج: اوقابیل

۵۰۔ جس طرح مولا علیؑ کے ساتھ قنبر کا نام آتا ہے بی بی فاطمہؑ کے ساتھ کس کا نام آتا ہے؟ ج: بی بی فضہؑ کا

۵۱۔ رسول اکرمؐ نے اپنی بیٹی کو ایک کنیز دی جن کا نام کیا تھا؟ ج: حضرت فضہؑ

۵۲۔ رسول اکرمؐ ہر سفر پر جانے سے پہلے اور واپسی کے بعد سب سے پہلے کس سے ملاقات کرتے تھے؟

ج: حضرت فاطمہ زہرؑا سے

۵۳۔ رسول اکرمؐ مسجد پہنچنے سے پہلے کس کے گھر جایا کرتے تھے؟ ج: جناب فاطمہ زہرؑا کے

۵۴۔ آپؐ اپنی بیٹی کے دروازے پر آکر کیا کہا کرتے تھے؟

ج: اَلسَّلامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْبَیْتْ ۔اِنَّمَا یُرِیْدُاللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ (الاحزاب۳۳)

۵۵۔ رسول اکرمؐ کا ایک مدت تک ثابت قدمی کے ساتھ اس طرح سلام کی روش کو جاری رکھنے کا کیا مقصد تھا؟

ج: اگر کسی نے کل اہل بیتؑ کے تعین کی بات نہ سنی ہو تو آج سنے۔ اگر آج بھی نہ سن سکا تو کل اگر کل بھی نہ سن سکے تو اسکے بعد والے دن تو ضرور سنے گا۔

۵۶۔ حضرت اُمِ سلمہؑ نے رسول اکرمؐ سے پوچھا آیت تطہیر کن کے بارے میں ہے تو آپؐ نے جواب میں کیا فرمایا؟

ج: آپؐ نے فرمایا: میرے، علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ اور حسینؑ کے بارے میں ہے۔

۵۷۔ جناب فاطمہؑ کی چادر کے نور کو دیکھ کر وہاں موجود کتنے یہودی مسلمان ہوئے؟ ج: ۸۰ یہودی

۵۸۔ بی بی زہرؑا کو سیدۃ النساء العالمین کیوں کہتے ہیں؟

ج: اللہ نے جناب فاطمہؑ کو تمام عالمین کی عورتوں پر فضیلت عطا کی ہے۔

۵۹۔ جناب فاطمہؑ نے اپنے نئے کپڑے فقیر کو کیوں دیئے؟

ج: کیونکہ وہ نئے کپڑے انہیں پسند تھے اس لیے وہ اللہ کی راہ میں دے دیئے۔

۶۰۔ ۲۸ صفر کو کون سا عظیم سانحہ پیش آیا؟ ج: وصال رسولِ اکرمؐ

۶۱۔ آپؐ کے وصال کے بعد اہل بیتؑ پر کیا گزری؟ ج: آپؐ کے اہل بیت پر مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔

۶۲۔ کیا رسول اکرمؐ کے انتقال کے بعد آپؑ کے شوہر علیؑ سے خلافت چھین لی گئی؟ ج: جی ہاں

۶۳۔ کیا فاطمہ زہراؑ سے فدک چھین لیا گیا؟ ج: جی ہاں

۶۴۔ اہل مدینہ نے امام علیؑ سے بی بیؑ کے رونے کی شکایت کرتے ہوئے کیا کہا؟

ج: حضرت فاطمہؑ کے رونے نے ہماری زندگی مشکل کر دی ہے، ان سے کہیں کہ یا رات کو روئیں یا دن کو!''

۶۵۔ مدینہ سے باہر حضرت علیؑ نے جو کمرہ بنایا اُسے کیا کہتے ہیں؟ ج: بیت الاحزان

۶۶۔ بیت الاحزان میں بی بیؑ جا کر کیا کرتی تھی؟

ج: حضرت فاطمہؑ اپنے بچوں کے ساتھ جا کر اپنے بابا کو یاد کر کے روتی تھیں۔

۶۷۔ صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِبُ لَوْ اَنَّھَا کا کیا مطلب ہے؟ ج: بابا جان آپکے بعد مجھ پر ایسی مصیبتیں پڑیں۔

۶۸۔ صُبَّتْ عَلَی الْاَیَّامِ صِرْنَ لَیَا لِیَا کا کیا مطلب ہے؟ ج: کہ اگر دنوں پر پڑتیں وہ رات میں تبدیل ہو جاتے۔

۶۹۔ کیا جناب فاطمہؑ نے اپنے خلاف ہونے والے مظالم کے لیے آواز بلند کی؟ ج: جی ہاں

۷۰۔ خطبۂ فدک کیا ہے؟ ج: جناب فاطمہؑ کی صدائے احتجاج کو خطبہ فدک کہتے ہیں۔

۷۱۔ فدک کیا ہے؟ ج: ایک زرخیز وادی ہے، جو خیبر کے قریب واقع ہے۔

۷۲۔ غاصبین فدک و خلافت کو جناب سیدہؑ نے کیا بد دعا دی؟

ج: اب فدک اور خلافت کو خوب مضبوطی سے پکڑے رکھو لیکن یہ بھی جان لو کہ اس راہ میں بڑی دشواریاں ہیں اس فعل کی رسوائیاں اور ذلتیں ہمیں تمہارے دامن گیر رہیں گی، خدا اپنا غیظ و غضب زیادہ کریگا اور اس کی سزا جہنم ہوگی۔

۷۳۔ خطبہ فدک میں حضرت فاطمہؑ کا مختصر و دردناک جملہ کیا ہے؟ ج: خدا کی قسم، میں جھوٹ نہیں بولتی۔

۷۴۔ حضرت بلالؓ نے کس کی خواہش پر دوبارہ اذان دینا شروع کی؟ ج: حضرت فاطمہؑ کی

۷۵۔ لوگوں نے حضرت بلالؓ کو اذان دینے سے کیوں روکا؟

ج: جب بلال نے '' اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہ'' کہا تو حضرت فاطمہؑ بے ہوش ہو کر گر پڑیں۔

۷۶۔ اذان مکمل کر کے حضرت بلالؓ نے کیا کہہ کر معذرت کی؟

ج: ''اے سیدہ نساء العالمین! میں ڈرتا ہوں میری اذان سن کر کہیں آپؑ کی جان کو کوئی خطرہ لاحق نہ ہو جائے۔

۷۷۔ حضرت بلالؓ کی اذان سن کر آپ نے اتنا گریہ کیوں کیا؟ ج: آپؑ کو اپنے بابا کا زمانہ یاد آ گیا۔

۷۸۔ رسول اکرمؐ کے وصال کے بعد آپ کی پہلی اور آخری مسکراہٹ کب بکھر گئی؟ ج: جب آپؑ نے تابوت دیکھا۔

۷۹۔ حضرت زہراؑ کی خواہش پر تابوت کس نے بنا کر دکھایا؟ ج: اسماء بنتِ عمیس

۸۰۔ کیا حضرت زہراؑ کے دروازے کو آگ لگائی گئی؟ ج: جی ہاں

۸۱۔ حضرت زہراؑ نے دروازہ کے باہر کھڑے ظالموں سے کیا کہا؟

ج: میں تمہارے لیے بغیر اجازت داخل ہونے کو ممنوع قرار دیتی ہوں۔

۸۲۔ جناب فاطمہؑ نے پوچھا آخر ہمارے ساتھ یہ سلوک کیوں کرنا چاہتے ہو؟

ج: باہر کھڑے ہوئے شخص نے کہا: خدا کی قسم! تمہیں باہر آ کر خلیفۂ رسولؐ کی بیعت کرنی ہوگی ورنہ تمہارے گھر کو نذرِ آتش کر دوں گا۔

۸۳۔ کیا ظالم بلا اجازت خانہ زہراؑ میں داخل ہوئے؟ ج: جی ہاں

۸۴۔ اُس وقت گھر میں کون کون تھا؟ ج: اہل بیتؑ

۸۵۔ حضرت فاطمہؑ کی پسلیاں کیوں ٹوٹ گئیں تھیں؟

ج: جناب زہراؑ کو تازیانہ مارا گیا دروازے کو پہلو پر گرایا گیا جس کی وجہ سے آپ کی پسلیاں ٹوٹ گئیں، حضرت محسن شہید ہوئے۔

۸۶۔ شب معراج اللہ نے اپنے حبیب کو مظلومیت زہراؑ کی پیشن گوئی کی تو آپؐ نے کیا فرمایا؟

اِنَّالِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ٥

۸۷۔ جب حضرت زہراؑ اس دنیا سے رخصت ہوئیں تو ان کے بازو پر تازیانہ کا نشان موجود تھا؟ ج: جی ہاں

۸۸۔ حضرت زہراؑ نے اپنے لیے کیسا تابوت بنوانے کی خواہش کی تھی؟ ج: جس سے بدن ظاہر نہیں ہوتا۔

۸۹۔ زندگی کے آخری دن آپؑ نے اپنے بچوں کے ساتھ کس طرح وقت گزارا؟

ج: آپؑ نے اپنے بچوں کو نہلایا، کپڑے پہنائے، بال سنوارے اور پھر خود غسل و وضو کے لیے پانی طلب کیا۔

۹۰۔ آپ نے اسماء بنتِ عمیس سے کیا فرمایا؟

ج: میرا آخری وقت آ پہنچا ہے دیکھو میں اپنے حجرے میں جا رہی ہوں جب تک تسبیح و تحلیل کی آواز آئے سمجھنا میں زندہ ہوں۔

۹۱۔ جناب فاطمہؑ کی شہادت کب ہوئی؟ ج: ۱۳ جمادی الاول / ۳ جمادی الثانی

۹۲۔ جناب فاطمہؑ نے حضرت علیؑ کو کیا وصیت فرمائی ؟ ج: جن لوگوں نے مجھ پر ظلم کیا وہ میرے جنازے میں نہ آئیں۔
جنازے کو تابوت میں لے کر جائیں۔ رات کی تاریکی میں دفن کریں۔

۹۳۔ آپؑ کی شہادت کے وقت کون کون آپ کے گھر میں موجود تھا؟

ج: حضرت ام سلمیٰؑ ، جناب ام ایمنؑ ، جناب فضہؑ ، جناب زینبؑ وام کلثومؑ

۹۴۔ آپؑ کے جنازے میں شریک ہونے والے اصحاب کے کیا نام ہیں؟

ج: حضرت عباسؑ ، حضرت سلمان فارسیؑ ، حضرت مقدادؓ ، حضرت ابوذر غفاریؑ ، حضرت حذیفہ یمانیؓ

۹۵۔ غسل میت کس نے دیا؟ ج: حضرت علیؑ اور اسماء بنت عمیس

۹۶۔ آپؑ کا روضہ اقدس کہاں ہے؟ ج: بیت فاطمہ زہراؑ ، مسجد النبی مدینہ منورہ ، جنت البقیع

۹۷۔ آپؑ کی خاص مشہور نفلی عبادت کیا ہے؟ ج: تسبیح زہراؑ

۹۸۔ جناب فاطمہ زہراؑ کی قبر کو چھپانے کے لیے حضرت علیؑ نے کتنی قبروں کے نشانات بنائے۔ ج: چالیس

۹۹۔ حضرت علیؑ نے آپؑ کی شہادت پہ کیا کلمات ادا کیے۔

ج: میرا رنج بہت سخت ہے میری رات بے سکون ، یہاں تک کہ خدا مجھے بھی وہاں بلا لے جہاں آپؑ مقیم ہیں۔

۱۰۰۔ بی بی زہراؑ کو کن چیزوں سے محبت ہے؟

ج: بی بی فاطمہؑ کے نزدیک اس دنیا میں ۳ چیزیں محبوب ہیں۔

(۱) تلاوت قرآن مجید (۲) زیارت رسول اکرمؐ (۳) راہ خدا میں انفاق

## میدان حشر میں سیدہ مظلومہؑ کی آمد

☆ امام علی رضاؑ فرماتے ہیں:

قیامت کے دن خدا کی جانب سے منادی ندا دے گا:

اے لوگوں ! اپنی آنکھوں کو بند کر لو کہ رسول اکرمؐ کی بیٹی کی سواری آرہی ہے اس وقت حضرت فاطمہؑ ستر ہزار جنت کی حوروں کے ہمراہ وہاں سے گزریں گی اور (خدا کی بارگاہ میں) اپنے چاہنے والوں کی شفاعت اور اپنے دشمنوں کی شکایت کریں گی

## بی بی زہراؑ کی وصیت مولا علیؑ کے نام

میت کو سپرد خاک کرتے وقت تلاوت قرآن مجید بکثرت کیجئے گا۔

میرے حق میں دعا کیجئے گا کیونکہ میت کو اس حالت میں زندہ افراد کے ساتھ کی ضرورت ہوتی ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.) مدرسۃ القائم
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شانِ فاطمہؑ خدا رسولؐ اور امیر المومنینؑ کی نظر میں

فرمان خداوندی:

اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ لِیُذۡهِبَ عَنۡکُمُ الرِّجۡسَ اَهۡلَ الۡبَیۡتِ وَیُطَهِّرَکُمۡ تَطۡهِیۡرًا (سورہ احزاب آیت ۳۳)

بس اللہ کا ارادہ تو یہی ہے کہ اے اہل بیت تم سے ہر قسم کی نجاست کو دور رکھے گا اور تمہیں ایسا پاک و پاکیزہ رکھے گا جیسا کہ حق ہے۔

فرمانِ رسول اکرمؐ:

| | |
|---|---|
| فَاطِمَةُ بَضۡعَةٌ مِنِّی | فاطمہ میرے وجود ہی کا حصہ ہے |
| مَثَلُهَا کَمَثَلِ مَرۡیَمَ | میری بیٹی فاطمہؑ مریمؑ کی طرح ہیں |
| اِنَّ ابۡنَتِی سَیِّدَةُ نِسَاءِ اَهۡلِ الۡجَنَّةِ | میری بیٹی جنت کی عورتوں کی سردار ہے |

فرمان امیر المومنینؑ: نِعۡمَ الۡعَوۡنِ عَلٰی طَاعَةِ اللّٰهِ (فاطمہ) اللہ کی اطاعت میں بہترین مددگار

فرمان رسول اکرمؐ: فَاطِمَةُ بَضۡعَةٌ مِنِّی مَنۡ آذَاهَا فَقَدۡ آذَانِی وَمَنۡ آذَانِي فَقَدۡ آذَی اللّٰهُ

فاطمہؑ میرے وجود ہی کا ٹکڑا ہے جس نے اسے اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی اور جس نے مجھے اذیت دی اس نے اللہ کو اذیت دی

# شانِ فاطمہؑ مجتہدین کی نظر میں

## آیت اللہ وحید خراسانی فرماتے ہیں:

اگر ہم چاہتے ہیں کہ حضرت علیؑ قبر کی پہلی رات ہمارے سرہانے تشریف لائیں تو ہمیں ان کی زوجہ جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیھا کی مظلومیت کو بیان کرنے میں بالکل کوتاہی نہیں کرنی چاہیے۔

## آیت اللہ صافی گلپایگانی فرماتے ہیں:

فاطمیہ ایک تاریخ ہے، فاطمیہ یعنی ظالموں کے سر پر فریاد۔ فاطمیہ یعنی حق کا باطل پر کامیابی کی خاطر جہاد۔ فاطمیہ یعنی حضرت مہدیؑ کی عالمی اور الہٰی حکومت کا دن جی ہاں! فاطمیہ عاشور ہے۔ فاطمیہ شب قدر ہے۔ فاطمیہ غدیر اور نیمہ شعبان ہے۔ فاطمیہ یعنی ظلمت پر نور کی کامیابی کا دن۔

## شانِ فاطمہؑ قرآن کی روشنی میں

☆ حضرت بی بی فاطمہؑ کی شان میں کونسی قرآنی آیات نازل ہوئی ہیں؟ چند بیان کریں۔

۱۔ اِنَّمَا یُرِیْدُاللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْراً (سورہ احزاب آیت ۳۳)

بس اللہ کا ارادہ تو یہی ہے کہ اے اہل بیت تم سے ہر قسم کی نجاست کو دور رکھے گا اور تمہیں ایسا پاک و پاکیزہ رکھے گا جیسا کہ حق ہے۔

۲۔ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَائَنَا وَاَبْنَائَکُمْ وَنِسَآئَنَا وَنِسَآئَکُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَکُمْ ثُمَّ نَبْتَھِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَۃَ اللّٰہِ عَلَی الْکَاذِبِیْنَ

اے پیغمبرؐ! ان سے کہہ دو تم آؤ اور اپنے بیٹوں کو لاؤ ہم بھی اپنے بیٹوں کو لائیں۔ تم اپنی عورتوں کو لاؤ ہم اپنی عورتوں کو لائیں تم اپنی جانوں کو لاؤ ہم اپنی جانوں کو لائیں پھر ہم مباہلہ کریں کہ خدا جھوٹوں پر لعنت کرے۔ (سورہ آل عمران آیت ۵۵)

۳۔ فَتَلَقّٰی آدَمُ مِنْ رَّبِّہٖ کَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَیْہِ (سورہ بقرہ آیت ۳۷)

پس حضرت آدمؑ نے خداوند عالم سے چند کلمات سیکھے اور ان کلمات کے وسیلے سے توبہ کی۔

۴۔ وَاِذِابْتَلیٰٓ اِبْرَاھِیْمَ رَبُّہٗ بِکَلِمٰتٍ فَاَتَمَّھُنَّ (سورہ بقرہ آیت ۱۲۴)

جس وقت ابراہیم کے پروردگار نے اُسے کلمات کے ذریعے آزمایا تو اس نے انہیں پورا کیا۔

۵۔ قُلْ لَّآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ اَجْراً اِلَّا الْمَوَدَّۃَ فِی الْقُرْبیٰ (سورہ شوریٰ آیت ۲۳)

کہہ دیجئے اے رسولؐ میں رسالت کی انجام دہی پر تم سے کوئی اجرت طلب نہیں کرتا سوائے اس کے کہ تم میرے قربیٰ سے مودت رکھو"۔

۶۔ وَیُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّہٖ مِسْکِیْناً وَّیَتِیْماً وَّاَسِیْراً اِنَّمَا نُطْعِمُکُمْ لِوَجْہِ اللّٰہِ لَا نُرِیْدُ مِنْکُمْ جَزَاءً وَّلَا شُکُوْراً ۝

"یہ لوگ اللہ کی محبت میں فقیروں، یتیموں اور مسکینوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تو صرف خدا کی خوشنودی کی خاطر کھلاتے ہیں اور تم سے کوئی بدلہ یا شکریہ نہیں چاہتے"۔ (سورہ دہر آیت ۹)

۷۔ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَیْنَ اَنْ یَحْمِلْنَھَا وَاَشْفَقْنَ مِنْھَا وَحَمَلَھَا الْاِنْسَانُ اِنَّہٗ کَانَ ظَلُوْماً جَھُوْلاً۔ (سورہ احزاب آیت ۷۲)

ہم نے اپنی امانت کو آسمانوں، زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا تو انہوں نے اُسے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اسے اٹھایا، بے شک وہ ظالم اور نادان ہے۔

## مختصر زیارت بی بی فاطمہؑ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا سَیِّدَۃَ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا زَوْجَۃَ عَلِیٍّ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا اُمَّ الْاَئِمَّۃِ الْمَعْصُوْمِیْنَ
یَا فَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim